فوری ریلیز کے لیے: 29/3/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے 14 مئی کو بفلو کی دی ٹاپس مارکیٹ میں سفید فام نسل پرستوں کے حملے سے متاثر ہونے والے افراد کے لیے اضافی خدمات کے لیے $2.5 ملین کی نئی فنڈنگ کا اعلان کیا ہے***

***اس فنڈنگ سے بفلو متحدہ استحکام مرکز (Buffalo United Resiliency Center) کے لیے عملے میں فوری طور پر اضافہ کرنا ممکن ہو گا؛ بچ جانے والوں، متاثرین کے خاندان کے ارکان، اعلیٰ ترین ملازمین، اور گردونواح کی کمیونٹی کی خدمت کے لیے ضروری عملی معاونت کو یقینی بنایا جائے گا***

***بفلو متحدہ استحکام مرکز کو چلانے کے لیے، بفلو اربن لیگ (Buffalo Urban League) اور بفلو کے کمیونٹی مراکزِ صحت، شراکت داری کریں گے اور استحکام مرکز کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے ساتھ کام کریں گے تاکہ کمیٹی کے "کمیونٹی کی ضروریات کے جائزے" کے مطابق پروگرامز اور خدمات کی تیاری اور ان پر عمل درآمد کروایا جائے***

گورنر Kathy Hochul نے 14 مئی 2022 کو بفلو کے مشرقی جانب پر دی ٹاپس مارکیٹ میں سفید فام نسل پرستوں کے حملے سے متاثر ہونے والے افراد کی خدمات کے لیے $2.5 ملین کی نئی ریاستی فنڈنگ کا آج اعلان کیا ہے۔ بفلو اربن لیگ، بفلو کے کمیونٹی مراکزِ صحت کے ساتھ ایک نئی شراکت داری کی قیادت کرے گی تاکہ جون 2025 تک ریاست نیویارک کے دفتر برائے متاثرین کی خدمات کے ذریعے فراہم کردہ نئی ریاستی فنڈنگ کے ساتھ، بفلو متحدہ استحکام مرکز چلایا جائے۔ ریاستی فنڈنگ کی اس شمولیت سے بفلو متحدہ استحکام مرکز کے لیے ممکن ہو گا کہ عملے میں فوری طور پر اضافہ کریں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ان کے پاس، متاثرین اور زندہ بچ جانے والوں، اعلیٰ ملازمین اور مارکیٹ کے آس پاس کی کمیونٹی کی خدمت کے لیے درکار ضروری عملی اور انتظامی معاونت موجود ہے۔ دونوں تنظیمیں ایسے پروگرامز اور خدمات کی تیاری اور عملدرآمد کرنے کے لیے استحکام مرکز کی موجودہ اسٹیئرنگ کمیٹی کے ساتھ شراکت داری کریں گی جو ضروریات کے لیے کمیٹی کے حالیہ مکمل شدہ جائزے کے مطابق ہوں۔

"14 مئی کے حملے نے ایک ایسی کمیونٹی کو مزید نقصان پہنچایا جو طویل عرصے سے معاشی تفاوت، بنیادی خدمات تک غیر مساوی رسائی اور نسل پرستی کی مشکلات کے ساتھ جدوجہد کر چکی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست نیویارک، جیفرسن ایونیو کے گردونواح اور اس کے رہائشیوں کے لیے اپنی معاونت سے دستبردار نہیں ہو گی کیونکہ یہ اس سانحے سے بحالی کی جانب گامزن ہے۔ اس اضافی فنڈنگ سے ہمارے لیے ممکن ہو گا کہ نیویارک کے ساتھی شہریوں کے لیے خدمات اور پروگراموں کو وسعت دیں جو ہماری محبت اور معاونت کو عملی شکل میں دیکھنے کا حق رکھتے ہیں۔"

Chardanay (Char) Young-Ford، بفلو متحدہ استحکام مرکز (Buffalo United Resiliency Center، BURC) کی عارضی ڈائریکٹر کے طور پر کام کریں گی، جس میں فوری طور پر چار کیس مینیجرز اور دو آؤٹ ریچ اسپیشلسٹ کا عملہ شامل کیا جائے گا۔ مس Ford، بفلو اربن لیگ (Buffalo Urban League، BUL)، بفلو کے کمیونٹی مراکزِ صحت (Community Health Centers of Buffalo، CHCB) اور اسٹیئرنگ کمیٹی کے ساتھ کام کریں گی تاکہ خدمات کی فراہمی اور پروگرامنگ کو ڈیزائن اور لاگو کرنے کے لیے ان طریقوں سے کام کیا جائے جو حال ہی میں اسٹیئرنگ کمیٹی کی جانب سے مکمل کیے گئے "ضروریات کے جائزے" کے مطابق ہوں۔

رہائش تک رسائی، نقل و حمل تک رسائی، ہنگامی اور طویل مدتی خوراک تک رسائی، کے علاوہ کرائے، یوٹیلٹی، اور دیگر بقایا جات میں معاونت بھی ان ضروریات میں شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔

BURC، بدھ، 5 اپریل سے، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک، پیر سے جمعہ تک، 1149 Jefferson Avenue، Suite A پر کام کرے گا۔

یہ نئی فنڈنگ، BURC کے لیے اپنی صلاحیت میں اضافے کو فوری طور پر ممکن بنانے کے علاوہ، سٹیئرنگ کمیٹی کے کام کی بھی معاونت کرتی رہے گی، جس کی قیادت، ریاستی فنڈنگ کی مدت کے دوران، ایری کاؤنٹی کے ریسٹوریٹو جسٹس کولیشن کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Dina Thompson کر رہی ہیں۔

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے متاثرین کی خدمات کی ڈائریکٹر Elizabeth Cronin نے کہا،** "بفلو میں نفرت پر مبنی حملے کے فوراً بعد، ہم نے براہ راست متاثرہ افراد اور کمیونٹی کے ارکان کی مدد کے لیے عملے کو شہر میں بھیج دیا تھا۔ گورنر Hochul نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے رہنمائی کی ہے کہ جن متاثرین، خاندانوں، کارکنوں اور رہائشیوں کی زندگیاں حملے سے متاثر ہوئی تھیں ان کو امداد اور معاونت فراہم کرنے کے لیے فنڈز اور وسائل دستیاب ہوں۔ ہم بفلو میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام جاری رکھیں گے تاکہ شفایابی میں معاونت، اسلحے کے تشدد کو کم کرنے اور تشدد کے اس تباہ کن عمل سے متاثر ہونے والوں کو معاونت اور مواقع فراہم کیے جائیں۔"

**بفلو کے میئر Byron Brown نے کہا،** "میں شکرگزار ہوں کہ گورنر Kathy Hochul کی جانب سے ضروری وسائل کی مسلسل فراہمی جاری ہے جبکہ ہم مشرقی بفلو اور بفلو کی سیاہ فام کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے شراکت داری کر رہے ہیں۔ بفلو متحدہ استحکام مرکز، مشرقی بفلو کے لیے ایک عظیم اثاثہ ہے جو ہماری شفایابی کی جانب گامزن کمیونٹی کو اہم خدمات فراہم کرتا ہے۔ 14/5/2022 کو پیش آنے والے ہولناک سانحے سے متاثر ہونے والے ہر فرد کی معاونت میں، ان خدمات کی توسیع ایک طویل مدت تک اپنا کردار ادا کرے گی۔"

**بفلو اربن لیگ کے صدر اور CEO Thomas Beauford، جونیئر نے کہا،** "بفلو اربن لیگ، کمیونٹی مرکزِ صحت کے ساتھ اسٹریٹجک اتحاد میں، ہمارے موجودہ پروگرامز، براہ راست خدمات، اور قابل اعتماد آراء سے فائدہ اٹھائے گی تاکہ ہماری کمیونٹی کی جانب سے آگاہی کے مطابق ان چند بہت ضروری چیلنجز کا سامنا کرنے میں مدد ملے۔ اس اجتماعی، اور ریاست نیویارک کی اس اضافہ شدہ فنڈنگ کے ذریعے، کمیونٹی کے پاس ایک استحکام مرکز موجود ہو گا جو انتہائی ذمہ دار اور وسائل سے بھرپور ہو گا تاکہ صحت اور دولت کے سماجی تعین کے فیصلوں کے وسیع تناظر سے نمٹا جائے۔"

**کمیونٹی مرکزِ صحت برائے بفلو کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور CEO ڈاکٹر LaVonne Ansari نے کہا،** "ہم ایک اہم کام کا حصہ ہیں۔ ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہم اپنی کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔"

**بفلو متحدہ استحکام مرکز کی عارضی ڈائریکٹر Chardanay Young-Ford نے کہا،** "بفلو متحدہ استحکام مرکز کی عبوری ڈائریکٹر کے طور پر، یہ بات ضروری ہے کہ میں براہ راست متاثر ہونے والی کمیونٹی کے علاوہ بھی افراد کی آراء کو بلند انداز میں پیش کروں۔ چونکہ یہ ایک ضروری بات ہے کہ ہم براہ راست متاثرہ کمیونٹی کی ضروریات کو سب سے مقدم رکھیں۔ یہ نئی شراکت داری، بفلو متحدہ استحکام مرکز کے لیے ممکن بنائے گی کہ متاثرہ کمیونٹی کو خدمات فراہم کرتے ہوئے وسیع تر رسائی حاصل کی جائے، جس میں صحت سے متعلق خدشات کے سماجی تعین کے مختلف فیصلوں سے نمٹنے کے ساتھ، شفا یابی کو فروغ دینے والی محفوظ جگہیں بنانے پر زور دیا جائے۔ 14 مئی 2022 سے، متاثرہ کمیونٹی کی ضروریات میں محض اضافہ ہوا ہے، اور یہ شراکت داری ایک اہم اگلا قدم ہے تاکہ ایسی مناسب خدمات اور وسائل فراہم کیے جائیں جو ان ضروریات کو پورا کریں۔ اس کمیونٹی کی خدمت جاری رکھنے کے قابل ہونے پر میں شکر گزار ہوں، اور گورنر Hochul کی طرف سے فراہم کردہ فنڈنگ سے اس کمیونٹی کے شفا یابی کے سفر کی حمایت کرتی ہوں۔ براہ کرم بفلو متحدہ استحکام مرکز کے Facebook پیج سے مربوط ہوں، تاکہ اہم اپ ڈیٹس حاصل کی جا سکیں جن میں پیش کردہ خدمات کے ساتھ، آنے والی پروگرامنگ سے مطلع کیا جائے گا۔

**صدر اور CEO برائے مغربی نیویارک کی ریسورس کونسل، Catherine Roberts نے کہا،** "مشرقی بفلو کی کمیونٹی کی جانب سے، ہم 14 مئی 2022 کے ہولناک سانحے سے متاثرہ افراد کی خدمت کے لیے ریاست نیویارک کے اضافی وسائل پر شکر گزار ہیں۔ WNY کی ریسورس کونسل کی جانب سے ان لوگوں کی مسلسل خدمت کی جا رہی ہے جو فائرنگ سے براہ راست اور بالواسطہ طور پر بڑے پیمانے پر متاثر ہوئے ہیں اور بفلو اربن لیگ اور بفلو کے کمیونٹی مراکزِ صحت کے ساتھ شراکت داری کے منتظر ہیں کیونکہ ہم اپنے گردونواح اور کمیونٹیز جن کی خدمت کرتے ہیں ان کو بہت اشد ضروری مسلسل معاونت فراہم کرتے رہتے ہیں۔

**ایری کاؤنٹی کے ریسٹوریٹو جسٹس کولیشن کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور بفلو یونائیٹڈ کی اسٹیئرنگ کمیٹی کی صدر Dina Thompson نے کہا،** "گورنر Hochul، آپ کا شکریہ، کہ آپ نے ان لوگوں کی مسلسل حمایت کی ہے جو بفلو کے مشرقی حصے میں رہنے والی افریقی امریکی کمیونٹی پر 14 مئی کو ہونے والے حملے سے براہ راست اور بالواسطہ متاثر ہوئے ہیں۔ اضافی وسائل کی مدد سے کمیونٹی کے اراکین کو ان وسائل تک رسائی حاصل ہو گی جو کمیونٹی پر مبنی اثاثوں کو ٹھیک کرنے اور مضبوط کرنے کے لیے انہیں درکار ہیں۔ بفلو کے مشرقی جانب کے لوگوں نے دنیا کے سامنے اپنی اس صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے کہ وہ اکٹھے ہو کر اس شکستگی کو بحال کر سکتے ہیں جو کسی دوسرے کی جانب سے شکستہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہماری کمیونٹی میں نفرت کی کوئی جگہ نہیں ہے، اور محبت ہمیشہ جیتے گی۔ ہم باہم مل کر ایک ایسی کمیونٹی بنائیں گے جہاں ہم سب زندگی گزار سکیں، کھیل سکیں، سیکھ سکیں، کام کر سکیں اور ترقی کر سکیں۔"

وفاقی دفتر برائے انسداد دہشت گردی اور ہنگامی امداد کے پروگرام کے ذریعے دستیاب، یہ ریاستی فنڈنگ، وفاقی فنڈنگ کی تکمیل کرے گی۔ اس فنڈ کو وفاقی طور پر وضاحت کردہ، قانونی طور پر شناخت کردہ متاثرین کی خدمت کے لیے استعمال کیا جانا چاہیئے: یعنی ہلاک ہونے والے مردوں اور عورتوں کے خاندان اور زخمی ہونے والے افراد؛ ٹاپس کے وہ ملازمین جو شوٹنگ کے وقت اسٹور میں موجود تھے؛ شوٹنگ کے وقت بازار یا پارکنگ میں موجود کوئی بھی شخص؛ وہ لوگ جو اس جرم کی جائے وقوعہ کے ایک بلاک کے دائرے میں موجود تھے؛ اور اوّلین امدادی کارکن۔

**ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا،** "غم کبھی ختم نہیں ہوتا؛ اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ 14 مئی کو بڑے پیمانے پر ہونے والی شوٹنگ سے متاثر ہونے والوں کو اپنی شفایابی کے پورے عمل کے دوران مسلسل امداد اور معاونتی وسائل تک رسائی حاصل ہو۔ یہ نئی ریاستی فنڈنگ، بفلو کی مشرقی جانب اور ان افراد کے لیے، نیویارک کی وابستگی کو واضح کرتی ہے جو ایک سال بعد بھی تاحال زبردست نقصان کی لپیٹ میں ہیں۔"

**رکن اسمبلی Crystal Peoples-Stokes نے کہا،** "بہت سی دوسری تنظیموں کے ساتھ، میں بفلو اربن لیگ اور کمیونٹی مرکز صحت برائے بفلو کی تعریف کرتی ہوں، کہ جب 14/5 کے بعد، ہماری کمیونٹی کو ان کی سب سے زیادہ ضرورت تھی، تب انہوں نے آگے قدم بڑھایا تھا۔ متاثرین کے خاندان، دوست، ٹاپس کے ملازمین، راہگیر اور علاقہ مکین اب بھی اس سانحے سے پریشان ہیں۔ ہم مضبوط اور لچک دار لوگ ہیں، تو ہم مل کر اس وقت کو گزار لیں گے۔ ان ضروری معاونتی خدمات کو جاری رکھنے کے لیے مزید وسائل فراہم کرنے پر، میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

**ایری کاؤنٹی کی قانون ساز صدر April Baskin نے کہا،** "مشرقی بفلو کے رہائشیوں کو اس بڑے پیمانے پر شوٹر نے جسمانی اور ذہنی طور پر زک پہنچائی ہے جو پہلے سے ہی نظاماتی صدمات کے بدنما نشانات کے ساتھ زندگی گزار رہے تھے،" ایری کاؤنٹی کی قانون ساز صدر، April N. M. Baskin نے کہا۔ "ان فنڈز سے استحکام مرکز کے لیے ممکن ہو گا کہ وہ اپنی فراہم کردہ نگہداشت میں اضافہ کریں۔ میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ وہ طویل مدت سے نظر انداز کیے گئے، ہماری کمیونٹی کے اس حصے تک وسائل فراہم کرنے کے لیے مسلسل پُرعزم ہیں۔"

**ایری کاؤنٹی کے قانون ساز Howard Johnson نے کہا،** "گورنر کا شکریہ کہ انہوں نے کمیونٹی کے ان لوگوں کے لیے اشد ضروری فنڈ مختص کیے ہیں جو 14 مئی کو ہونے والے دہشت گردانہ حملے کے اثرات کو ابھی تک

محسوس کر رہے ہیں۔ اب اس ناقابل تصور واقعے کی برسی قریب آ رہی ہے جو ہماری کمیونٹی میں پیش آیا اور ہم سب کو حقیقت میں اب بھی یہ درد بہت زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ اس فنڈنگ سے بفلو متحدہ استحکام مرکز ان لوگوں کی مدد کے لیے اپنا کام جاری رکھے گا جو تاحال 14 مئی کے اثرات کو محسوس کر رہے ہیں، اور چونکہ ہم آگے بڑھنے اور اپنی روزی روٹی پر اس خوفناک حملے سے شفا یاب ہونے کے لیے کام کر رہے ہیں تو یہ فنڈنگ کمیونٹی کی مدد بھی کرے گی۔"

**بفلو کامنز کونسل کے رکن Ulysees O. Wingo، سینیئر نے کہا،** "گورنر Hochul، آپ کا شکریہ، کہ آپ نے اس بات کو یقینی بنایا کہ بفلو کے شہر کی نفسیاتی اور سماجی-جذباتی ضروریات کو ترجیح دی جائے، جس میں ہمارے عظیم شہر پر 14/5/22 کے حملے سے افریقی نژاد امریکیوں کو لاحق ہونے والے تمام صدمے کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ یہ ضروری اضافی خدمات اہم ہیں، تاکہ بفلو کے افریقی نژاد امریکی شہریوں کو یقینی طور پر اس بات کا احساس ہو کہ NYS قیادت کی جانب سے ان کی قدر کی جا رہی ہے اور وہ مشرقی بفلو میں نفرت انگیز نسل پرستی کی فائرنگ سے ہونے والے صدمے سے صحت یاب ہونے میں مدد کے لیے انتہائی ضروری خدمات حاصل کر سکیں۔"

OVS ان افراد کے لیے ایک اہم حفاظتی رابطہ فراہم کرتا ہے جو کسی جرم کے نتیجے میں اخراجات یا نقصانات اٹھا چکے ہیں لیکن ان کے پاس ادائیگی یا اسے پورا کرنے کے لیے کوئی وسائل موجود نہیں ہیں۔ اس مالی امداد میں دیگر امداد کے علاوہ، طبی اور مشاورتی اخراجات، تجہیز و تکفین کے اخراجات، ضائع شدہ اجرت اور معاونت شامل ہے۔ جبکہ ریاستی قانون مخصوص معاوضے اور زر تلافی کی مالیت کی حد متعین کرتا ہے، نیویارک ملک کی واحد ریاست ہے جہاں کے طبی اور مشاورتی اخراجات پر کوئی حد عائد شدہ نہیں ہے، جس کا مطلب ہے کہ افراد اپنی پوری زندگی کے دوران امداد حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ ایجنسی متاثرین کی امداد کے 200 سے زائد پروگرامز کے ایک نیٹ ورک کو بھی فنڈ دیتی ہے - جن میں ایک درجن بفلو میں موجود ہیں- جو مجرمانہ حملے کے متاثرین اور اس سے بچ جانے والوں کو براہ راست خدمات فراہم کرتے ہیں، جن میں دیگر خدمات سمیت، تھیراپی، معاونتی گروپس، کیس کا انتظام، ایمرجنسی پناہ گاہ، شہری قانونی معاونت، عدالتی ہمراہی، اور نقل و حمل شامل ہے۔ یہ ایجنسی دیگر امداد کے علاوہ، جرم کے ایسے متاثرین جو اہل ہوں ان کو دیگر امداد کے علاوہ، طبی اور مشاورت کے اخراجات، جنازے اور تدفین کے اخراجات، ضائع شدہ اجرت اور معاونت بھی فراہم کرتی ہے۔ OVS کو Twitter اور Facebookپر فالو کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



ان سبسکرائب کریں